**21.10.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں............ارجمندعلی خان

-----------------------------

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت عالمی سطح پر مستقبل کو بہتر بنانے میں سرکردہ رول ادا کررہا ہے۔

☆ اُڑان اسکیم کو 8 سال مکمل ہونے کے موقعے پر وزیراعظم نے کہا ہے کہ اِس سے بھارت کے Aviation شعبے میں بڑی تبدیلی آئی ہے۔

☆ آج پولیس کا یادگاری دن منایا جارہا ہے۔ وزیر اعظم اور وزیر داخلہ نے شہید پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ سمندری طوفان DANA کے جمعرات تک اڈیشہ میں پہنچنے کا امکان ہے۔

☆ اور دیپیکا کماری نے میکسیکو میں تیر اندازی کے عالمی کپ میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM-SUMMIT**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت عالمی سطح پر مستقبل کو بہتر بنانے کے سلسلے میں قائدانہ رول ادا کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک سبھی شعبوں میں تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے، جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ جناب مودی ایک پرائیویٹ میڈیا ہاؤس کے زیر اہتمام ورلڈ سمٹ سے خطاب کررہے تھے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دنیا کے لیے AI کا مطلب آرٹیفیشیل انٹلی جنس ہے، جبکہ بھارت کے لیے AI کا دوسرا مفہوم ہے Aspirational India یعنی اُمنگوں والا بھارت۔

جناب مودی نے کہا کہ جب دنیا غیر یقینی کی کیفیت سے دوچار تھی تو بھارت اُمید کی ایک کرن کے طور پر ابھرا ہے۔ کووڈ-19، عالمی معیشت، افراط زر، بے روزگاری، آب وہوا کی تبدیلی اور جنگ جیسے معاملات کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ عالمی سطح پر حالات کا اثر بھارت پر بھی پڑتا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ این ڈی اے سرکار کی تیسری مدت کے صرف 125 دن میں ہی 9 لاکھ کروڑ روپے مالیت کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی اور 15 نئی وندے بھارت ریل گاڑیاں شروع کی گئی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ 8 ہوائی اڈوں کی تعمیر کا کام شروع ہوگیا ہے، 5لاکھ گھروں میں چھتوں پر شمسی پلانٹ نصب کئے گئے ہیں اور 90 کروڑ سے زیادہ درخت لگائے گئے ہیں۔وزیر اعظم نے مزید کہا کہ مالی امور سے متعلق تکنیک کے عالمی Fintech فیسٹول، عالمی Semiconductor نظام پر تبادلہ خیال اور قابل تجدید توانائی نیز شہری ہوابازی کے بارے میں بین الاقوامی کانفرنس کا بھی انعقاد کیا گیا۔

**PM-UDAN**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اڑان یعنی ''اڑے دیش کا عام ناگرک'' اسکیم سے بھارت کے Aviation شعبے میں بڑی تبدیلی آئی ہے۔ اڑان اسکیم کو 8 سال مکمل ہونے کے موقع پر وزیر اعظم نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ مذکورہ اسکیم کی بدولت کروڑوں لوگوں کو ہوائی جہاز سے سفر کرنے میں سہولت ملی ہے اور ہوائی اڈوں اور پروازوں کے Routes میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ اِس کے ساتھ ساتھ مذکورہ اسکیم سے تجارت اور کامرس کو بڑھاوا دینے پر بھی اچھا اثر پڑا ہے اور علاقائی ترقی کو تقویت ملی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ آنے والے وقت میں بھی سرکار Aviation کے شعبے کو مستحکم کرنے کے لیے کام کرتی رہے گی، اور بہتر کنکٹویٹی اور لوگوں کیلئے سہولت پر توجہ مرکوز کی جائے گا۔

**HARYANA-CM**

ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے وزیروں کو اُن کے محکمے الاٹ کردیے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے اُمور داخلہ، خزانہ، سی آئی ڈی، منصوبہ بندی اور ایکسائز سمیت 12 محکمے اپنے پاس رکھے ہیں۔

کابینہ کے سرکردہ وزیر انل وِج کو بجلی اور ٹرانسپورٹ سمیت 3 محکموں کی ذمہ داری دی گئی ہے، جبکہ جناب Vipul گوئل کو شہری اداروں، ریونیو اور قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے کے محکمے دیے گئے ہیں۔ کرشن لال Panwar کو ترقی اور پنچایت کا محکمہ سونپا گیا ہے، جبکہ راؤ Narbir کو صنعت اور ماحولیات کے محکموں کی ذمہ داری دی گئی ہے۔

جناب مہیپال سنگھ ڈھانڈا کو محکمہ تعلیم دیا گیا ہے، جبکہ ڈاکٹر اروند شرما کو امداد باہمی کے محکمے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ کابینہ وزیر آرتی راؤ کو صحت کا وزیر مملکت بنایا گیا ہے۔

## HM-POLICE

آج پولیس کا یادگاری دن منایا جارہا ہے۔ وزیر اعظم اور وزیر داخلہ نے شہید پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے پولیس اہلکاروں کی بہادری، دلیری اور قربانی کو یاد کرتے ہوئے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر عوام کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے اُن کے پختہ عزم اور لگن کی ستائش کی ہے۔ جناب مودی نے انسانی ہمدردی کے چیلنجوں کے دور میں بھی پولیس اہلکاروں کی کوششوں اور امداد کو سراہا ہے۔ پولیس کے یادگاری دن کے موقع پر وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ان شہیدوں کو نمن کیا جو اپنے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی عظیم قربانی سے امر ہوگئے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب شاہ نے کہا کہ یہ دن پولیس اہلکاروں اور ان کے اہل خانہ کی لامحدود قربانیوں کی عزت افزائی کا موقع فراہم کرتا ہے، جو انہوں نے ملک کو محفوظ رکھنے کے لیے پیش کی تھیں۔ جناب امت شاہ نے آج صبح نئی دلی میں قومی پولیس میموریل پر گلہائے عقیدت نذر کیے اور شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ امور داخلہ کے وزیر مملکت Bandi سنجے کمار، داخلہ سکریٹری گووند موہن، انٹیلی جنس بیورو کے ڈائریکٹر تپن کمار ڈیکا اور نیم فوجی فورسز کے ڈائریکٹر جنرل صاحبان نے بھی قومی پولیس میموریل پر شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

## J&K MLAs SWORN IN

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے نو منتخبہ MLA's کو آج سری نگر میں اب سے کچھ دیر بعد حلف دلایا جائے گا۔ عبوری اسپیکر مبارک گُل MLA's کو عہدے کا حلف دلائیں گے، اِن میں 51، نئے رکن شامل ہیں۔ حلف برداری کی تقریب دن میں دو بجے ہوگی۔ بی جے پی کی 29 سالہ Shagun Parihar سب سے کم عمر قانون ساز ممبر ہیں جبکہ چرارے شریف کے نیشنل کانفرنس کے 80 سالہ آزمودہ کار MLA عبدالرحیم راتھر سب سے معمر شخص ہیں۔ جناب راتھر اور علی محمد ساگر ایسے دو افراد ہیں، جو ریکارڈ ساتویں مرتبہ اسمبلی کے لیے منتخب ہوئے ہیں۔ ساگر 1983 سے قانون ساز اسمبلی کے ایک رکن ہیں، جب کہ راتھر نے 1977 میں ایک قانون ساز کی حیثیت سے اپنا طویل سفر شروع کیا۔x

## J&K TERROR ATTACK

جموں و کشمیر کے گاندر بل ضلعے کے گگن گیر علاقے میں ایک کشمیری ڈاکٹر اور تعمیر کا کام کررہے 6 مزدور، اُس وقت ہلاک ہوگئے، جب دہشت گردوں نے سُرنگ کی تعمیر کے مقام پر فائرنگ شروع کردی۔ گزشتہ تین روز میں یہ دوسرا دہشت گردانہ حملہ ہے، جس میں دہشت گردوں کی جانب سے مزدوروں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے اس حملے کی یہ کہتے ہوئے مذمت کی ہے کہ وسطی کشمیر کے گگن گیر میں شہریوں پر یہ دہشت گردانہ حملہ بزدلانہ حرکت ہے۔x

## JHARKHAND AJSU LIST

جھارکھنڈ میں NDA کی اتحادی، آل جارکھنڈ اسٹوڈینٹس یونین (AJSU) نے اسمبلی انتخابات کے لیے 8 امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کی ہے۔پارٹی کے سربراہ سدیش کمار مہتو، Silli حلقے سے چناوٴ لڑیں گے جبکہ سینئر رہنما Lamboder Mahto کو Gomia اسمبلی حلقے سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ رانچی میں پارٹی پارلیمانی بورڈ کی میٹنگ میں کیا گیا۔

NDA کے سیٹوں کے بٹوارے کے فارمولے کے مطابق AJSU دس سیٹوں پر، JD (U) دو پر، اور چراغ پاسوان کی قیادت والی LJP ایک سیٹ پر چناوٴ لڑے گی جبکہ BJP باقی ماندہ 68 سیٹوں پر اپنے امیدوار اتارے گی۔81 رکنی جھارکھنڈ اسمبلی کے انتخابات 13 اور 20 نومبر کو دو مرحلوں میں منعقد ہوں گے، ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔x

## ODISHA-WEATHER

خلیج بنگال سے اٹھنے والا شدید سمندری طوفان DANA اڈیشہ ساحل کی طرف بڑھ رہا ہے اور اِس کے 120 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوا کے تیز جھکڑ کے ساتھ جمعرات کی صبح وہاں پہنچنے کا امکان ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق مشرقی-وسطی خلیج بنگال اور اِس سے ملحقہ شمالی انڈمان کے سمندر میں کم دباوٴ کا حلقہ بن گیا ہے اور اِس کے مغرب- شمال مغرب کی سمت بڑھنے اور کل صبح تک شدت اختیار کرنے کا امکان ہے۔ بدھ کے روز تک یہ مشرقی- وسطی خلیج بنگال پر سمندری طوفان کی شکل اختیار کرلے گا۔ اِس کے بعد یہ شمال مغرب کی سمت بڑھے گا اور جمعرات کی صبح تک اڈیشہ اور مغربی بنگال کے ساحلی علاقوں کے نزدیک شمال مغربی خلیج بنگال پہنچ جائے گا۔

## WORLD IODINE DAY

آج Iodine کی کمی کی روک تھام کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن قومی اور عالمی سطح پر اقدامات کے ذریعہ Iodine کی کمی سے ہونے والی بیماریوں کی روک تھام کے شعبے میں پیش رفت پر توجہ دینے کی یاد دلاتا ہے۔ اِس کا مقصد تندرستی کو برقرار رکھنے میں Iodine کے اہم رول کے بارے میں بیداری پیدا کرنا بھی ہے۔ ساتھ ہی Iodine کی کمی کے مضمرات کو بھی اجاگر کرنا ہے۔

## BRAZIL PREZ

برازیل کے صدر Lula da Silva کو Brasilia میں اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔معلوم ہوا ہے کہ گھر میں ایک حادثے میں اُن کے سر میں چوٹ لگ گئی ہے۔ اِس کے نتیجے میں انہوں نے برکس سربراہ میٹنگ میں شرکت کے لیے

روس کا اپنا دورہ منسوخ کردیا ہے۔ برازیل کے صدر کے دفتر کے ایک بیان کے مطابق جناب **Lula da Silva** اب **Brasilia** سے ہی ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ برکس سربراہ میٹنگ میں شامل ہوں گے۔ برازیل سرکار نے سوشل میڈیا پوسٹ پر یہ جانکاری بھی دی ہے کہ وزیر خارجہ **Mauro Vieira** برکس سربراہ میٹنگ میں برازیل کے وفد کی قیادت کریں گے۔

## EPFO MEMBER

ملازمین کے پرووِڈینٹ فنڈ سے متعلق تنظیم **EPFO** نے اِس سال اگست کے مہینے میں کُل **18** لاکھ **53** ہزار ممبر شامل کیے ہیں۔ محنت اور روزگار کی وزارت نے کہا ہے کہ تقریباً **9** لاکھ **30** ہزار نئے ممبروں نے اگست کے مہینے میں اپنا اندراج کرایا ہے۔ کُل نئے ممبروں میں سے تقریباً دو لاکھ **53** ہزار خاتون ممبر ہیں۔ **x**

## MAHA CODE OF CUNDUCT

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے مثالی ضابطۂ عمل **15** اکتوبر **2024** سے نافذ ہوچکا ہے۔ ریاست بھر میں **15** سے **20** اکتوبر کے درمیان **C-Vigil** ایپ پر **667** شکایتیں درج کی گئیں۔ اِن میں سے **660** شکایتوں کا انتخابی کمیشن نے ازالہ کرلیا ہے۔ ایڈیشنل انتخابی افسر ڈاکٹر کرن کلکرنی نے کہا کہ اس طرح **99** فیصد شکایتوں کو حل کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مہاراشٹر کا کوئی بھی شہری کسی بھی ایپ اسٹور سے **C-Vigil** ایپ ڈاؤن لوڈ کرکے مثالی ضابطۂ عمل کی خلاف ورزی سے متعلق شکایت درج کرسکتا ہے۔ ریاستی حکومت کے مختلف محکموں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ حکومت کی کسی بھی فلاحی اسکیم کے تحت نئے مستفیدین کا انتخاب نہ کریں۔

اِسی طرح کسی بھی نئی اسکیم کا اعلان نہیں کیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ فلاحی اسکیموں کے لئے فنڈز جاری کرنے کیلئے انتخابی کمیشن کی منظوری لینا ضروری ہوگا۔ ڈاکٹر کلکرنی نے بتایا کہ مہاراشٹر میں مثالی ضابطۂ عمل کے مختلف نکات کو مؤثر طور پر نافذ کردیا گیا ہے۔**x**

## ARCHERY WC FINAL

آج میکسیکو میں تیر اندازی کے عالمی کپ کے فائنل میں بھارت کی دیپکا کماری نے خواتین کے **Recurve** زُمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ انہیں چین کی کھلاڑی **Li Jiaman** نے فائنل میں صفر-چھ سے شکست دی۔ دیپکا سیمی فائنل میں میکسیکو کی کھلاڑی کو چھ-چار سے ہراکر فائنل میں آئیں تھیں۔ تیراندازی کے عالمی کپ میں پانچویں مرتبہ دیپکا کماری رنراَپ رہی ہیں۔**x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆